Sir, we have not provided any penal laws in our Report, we have not provided that if any party which is dissolved by no less authority than the Supreme Court, its Members, if they de-associate from that party, can take part in politics, and if they are elected to the Assemblies, they will not loose their seats and they will be considered as independent. They will not be punished for taking part in activities on this condition. Sir, what liberal a law can any House make what we have placed before this House Sir, we have endeavoured to see that in the matter of Election to these representatives, highest representative body, it is the judiciary, judiciary alone should supervise them. If our judiciary is strong Sir, then, our country will prosper. In the World War, when churchill was there, I would recall his words when he said, "We are sure to win the war because our judiciary is strong." This is a fact that a country that can be proud of its judiciary will stay and will get stronger day by day. But unfortunately Sir, the trend since Pakistan was created, shortly after that after one or two Governments, had changed and whichever Government came in to power it tried to clip the powers of the judiciary little realizing that a time might come when they would be knocking at the doors of the Judiciary but only to find them helpless made by them. I hope we should take lesson from history and try to make the Judiciary as strong as we can, because that is one Institution, where a person looks forward for redress.

Here I may say Sir, that certain conventions, I do not think,are in the interest of this country. A Judge should never think of being a Minister at the same time. Sir, as a policy I very respectfully say, this is absolutely wrong. A Judge is a Judge, he has to hear the cases against the State and if the same person is also a Minister and a Judge, it would not be a good convention and I, therefore, hope that such a provision is made in the Constitution, to see that the Judiciary have nothing to do with the political side of the country because today if we allow a Judge to become a Chief Minister or Minister tomorrow he might call upon the Chief Secretary to take over the Railway office of a country or a Province, surely this is not the object. Politics is for a Politician, everybody is an expert in his own line. If a Politician is made to sit as a doctor who does not know about medicines, what would be the result of the patients. Therefore, Sir, the Army has its own line. They are experts, we are proud of the Army in its own line to defend our borders, to lookafter our internal situation, when the Civil Authority needs their help. India had also the same trouble and still have the same trouble, Sir, in East Punjab, in Asam, in Nagaland, but they will have to face it, because that is a democratic country and real democracy is functioning there.

Sir, why is this demand for confederation? The demand for confederation is not acceptable to those who want Pakistan to stay united and solid but it certainly requires to ponder over the circumstances and impelling social, economic and political factors that give rise to these demands. Either use or misuse of power is affecting them, we call it regional politics, but those adversely affected by it call themselves victims of regional politics. Let us rise above regional politics and that can be ensured, once we restore the 1973 Constitution in full, giving the Provinces full powers and full Provincial autonomy within the framework of the Constitution Sir. Today we have to lookforward to prepare the grounds to try and fill in that vaccum. When the real democracy would start functioning between that period and now, we must ponder to make those necessary changes in our laws, make those necessary changes in our administration, make those necessary changes in the Constitution and see that we do really switch over to real democracy and the mess that was made before, is not repeated.

Since we are starting almost with clean slate, let us create conventions. . Let us stop all those wasteful expenditures. What is the need of big officers and Ministers having limousines at their disposal. Look at India, she is much bigger country than ours, their Prime Minister even goes around in a small car. Why can not we move around in a small car in the cities. Why can't we save that fuel and the foreign exchange and utilize it on much better purpose, especially when we are really in need of money, Sir. We have to learn simplicity. We have to try and face the evils of corruption which day by day is raising his head farther and farther.

Sir, may I ask that we have a law known as "Ostensible Means Punishment Regulation 1969". Has a single person in this country upto this time been tried or punished under this law. We will find a Sub Inspector or SHO of Police Station who will have no less than a Toyota Crolla as soon as he gets the charge of a Thana. We will find Assistant Engineers, having atleast Toyota Crolla. Sir, what are these anticorruption bodies doing? Are they closing their eyes to this? Do they expect an other body to come on top of that? Remedy for that is to associate the Public Representatives of the area. They know, who is corrupt and who is not corrupt. They will be able to tell the Government. These confidential reports have no meanings. They declare a most corrupt officer as most honest and if the immediate officer is not satisfied with him, an honest officer has to be moving around from place to place for want of his real and due promotion Sir.

Then Sir, I will say about bureaucracy. We blame the bureaucracy. We, the politicians in this matter Sir, should blame ourselves. We use the bureaucracy for our purposes. Let us resolve not to use the bureaucracy or the Police for our political purposes and I am sure we will have no grounds

to grumble. We will have nothing to say against the bureaucracy because you can deal with them only if you have no personal motives with them. One thing, I would like to point out, that Islam does not permit, or at least tries to avoid oaths, particularly breach of oaths. Sir, we find every time during the last 12 years that a Constitution comes, a law is passed and an oath is taken. Oath is taken for what? To break it! Again a fresh oath is taken, again a third oath is taken. Sir, I think, it is better, if we want Islamization here then, as for as possible, to do away with the oaths. Sir, we take an oath, Ministers take an oath, Prime Minister takes an oath, the Chief Minister takes an oath that we shall act without fear or favour or without ill-will or anything. But Sir, being Politician, any Chief Minister, any Minister, Prime Minister, will have to do favours. They absolutely can not abide by that oath. So, Sir, with these words I once again, thank you, for having given me this opportunity.

Mr. Chairman: Thank you very much. For further information of the honourable Members, I might mention that some of the stalwarts in politics in this Sub-continent belong to the Medical Profession. They are doctors. Any way that is beside the point. Mr. Javed Jabbar;

Mr. Javed Jabbar: Sir, the point is that there is no time.

Mr. Chairman: There is time but I do not want to cramp the style of any one of you. If you try to concentrate on the subject itself, there will be enough time.

Mr. Javed Jabbar: I am supposed to do that. The previous speaker has taken about 30 minutes, I will take less time than him.

Mr. Chairman: This is what I tried to point out. As there are number of speakers.....(Interruption).

Mr. Javed Jabbar: Mr. Chairman; my comments on the Report are in two parts—one general and conceptual part and second, the specific and functional part.

I shall begin with the general and conceptual part. I believe, Sir, that the Report's occasion and the circumstances leading to this discussion represent a historic opportunity for the people of Pakistan, through their elected representatives to yet again face a choice. The country has always faced such choices throughout its traumatic history and this perhaps, is the most crucial choice because we are now in the last fifteen years of this century and the framework for legislation, that we are now considering,

will help take this country not just through the next fifteen years but, hopefully, into the twentyfirst century, an age which is going to beset by tremendous technological, social, political and economic changes, and even though the legislation may be called, ostensibly, just a political party Act legislation, I think, it encompasses many basic aspects of the country's development and, therefore, when one drafts the bill, due consideration will need to be given to the ultimately comprehensive nature of the impact of such a bill.

Second, Sir, the sobering reality is that some of the most well-meant legislations in history, whether in Pakistan, or in other countries, can, as a result of human malice or human misconduct or sheer human greed be swept away by the sheer force of events. We can see, how the 1973 Constitution which, perhaps, represents the most enlightened political approach in our history has been twisted and traumatized partly as a result of misuse during its operative phase in the mid-1970's and partly as a result of our arbitrary constitutional amendments.

Nevertheless, history also shows that in any country with a sound degree of political stability, some form of regulation of political activity is desirable. Though in the most ancient and continuously uninterrupted Parliamentary system, the British system, there is a lack of such regulatory processes. However, when we look at contemporary history, we see that whether it is a country like the two party system of the United States of America, the single party-system of the USSR or China; the multi-party system of India, in each of these countries, there is a degree of political regulation. Though remarkably within the United States of America, there is a lack of specific injunctions of punishments on voting against the dictates of the party, and that, in my view, is the most stable and enduring democracy though it is not the largest.

In our case, Sir, while our regulations must reflect our specific experience and the needs of Pakistan, any law on political parties must be directly inspired by the spirit and the letter of Article 17 of the 1973 Constitution and should ensure that fundamental human rights as visualized by the Quran and as expressed by the United Nations declaration on Human Rights, is preserved for posterity. Such principles of human rights are eternal and unchangeable, while laws may meet the expediency of a given situation. The spirit behind the drafting of the Bill should be dedicated to those permanent and unchangeable principles. Any new law on political parties must aim to, Sir, include rather than exclude; unite rather than divide; strengthen rather than weaken the political elements and the political reality of Pakistan. At the present time, each of the major elements of the

[Mr. Javed Jabbar]

political process in this country, I submit, are stuck in our respective side-lanes. All of us have to reach a visionary high-way to political emancipation. That route which will take us towards political justice. What are these elements, Sir?

(i) These elements are us, the newly elected forums;
(ii) The government itself which is an entity in its own right.
(iii) Thirdly, I believe, Sir, the forces of Martial Law whether we wish to acknowledge that formally or we don't; and

(iv) Fourthly, the M.R.D.

Those of us inside the new forums must help, bring the M.R.D. inside these forums. Despite the fact that they chose to boycott the elections we must look beyond our own personal ends and party interests to the collective national interest. Even though the people turned out to the extent of 52 per cent in the last elections, the people, I believe, have not totally rejected the principles and policies that the MRD represents. because in the MRD programme, are enshrined many of these same universal Islamic values of democracy and justice. Thus any new law, Sir, any new mechanism has to acknowledge that the MRD does not accept the validity of the referendum and the amendments to the Constitution. It is a difficult stage in our history and there are by no means any easy solutions. But we have to devise a way to reach an honourable and fair compromise in the larger national interest. there has got to be some, give and take on the part of each of those four elements that I have identified.

We also, Sir, have to take measures to ensure that more people in our contry, more citizens of Pakistan are willing to participate in the political process. So far, politics has remained an extremely hazardous profession, a socially stigmatic profession. As a result of which 99 per cent of the people of this country do not belong to political parties. Political parties have always been dominated by certain elements that exercise political and economic power. This new act must visualize the possibility and encourage the possibility of massive participation by people as members of the political parties, and, therefore, Sir, we have to make politics safe; we have to take it from the threat of landing up in the dungeons of the closest Police Thana or closest jail to the freedom as visualized by our religion and by our civilization.

I come, now, to the second part of my observations which deal with the specific and functional aspects of the Report. Seen from the general and conceptual perspective, I believe, that even now the Senate Report

is far more liberal and enlightened. Without any disrespect to the honourable Minister for Interior who has done his best to formulate the Report in the National Assembly. I believe, that nevertheless, the Senate Report ignores the wood and concentrates on the trees. One cannot sweep a big crisis which I had hinted at in the earlier minutes, under the carpet and hope that it will solve itself. We have to face it; the Senate has to face it; and we have to overcome this problem.

First of all, Sir, I would like to submit that instead of relying on the functional nature of the Election Commission to be the regulatory body, perhaps, we should consider the creation of a new and independent Political Parties Commission which should exclusively be concerned with the registration, the scrutiny, the supervision and the dissolution, if any, of political parties because that is a permanent and statutry function which is separate from the merely manual and purely functional aspect of conducting elections.

My next submission is, Sir, that the Senate Committee Report does not refer to the nomenclature of the political parties. I believe Sir, that in a country which is so over-whelmingly Muslim, 95 per cent Muslim, I think, we have unquestioningly, accepted the dubious tradition of using religion as a basis for dividing people politically. Whereas the nomenclature of the Muslim League served an historic and a strategic purpose in unifying Muslims of South Asia, I believe, that after 1947, the use of religious nomenclature by the political parties has tended to divide and segment this country. I would, Sir, draw your attention to the remarks of the Quaid-i-Azam who, on February 19, 1948, while speaking to the people of Australia over the radio said "we are members to the brotherhood of the Islam in which all are equal in rights, dignity and self-respect". Consequently, we have a special and very deep sense of unity. But make no mistake. Pakistan is not a theocracy or anything like it.

My submission is Sir, by allowing every kind of party to represent sectarian and religious prejudices and hysteria we have brought our country to an extremely dangerous phase. I would request my friends in the traditional religious parties so well learned in our faith not to misunderstand the thrust of my suggestion in suggesting that all political parties have non religious names, the intention is not to de-islamise our country. I believe that political parties tend to take refuge under the name of Islam to avoid facing the basic social and economic problems that confront our society. Therefore, Sir, political parties should be named only on the basis of the ideological approach which is Islamic, within the framework of Islam, which they wish to apply to solve the problems of our country.

[Mr. Javed Jabbar]

I, now, come to the fact that the Senate Committee fortunately imposes or recommends no restrictions on the formation of political parties. But of what use is this generous gesture if we look at the second aspect which is the registration aspect. For the first two or three years Sir; perhaps till a mid-term election, which many people in this country believe, could be one of the ways out of this present crises there could, perhaps, be two categories of parties. One registered and the other unregistered. Those who choose for various ideological or intellectual reasons not to submit to the process of registration should not be penalised, because that alone will help the people of Pakistan to be convinced that the purpose of this act is not to exclude people. Let the people themselves realise that there are certain merits of registration. Let the political parties themselves convince the people that they should patronize and support only registered parties which are willing to submit their accounts and willing to conduct regular party elections. Point No. 10 on Page 4, line 1, of the Senate Report.....There is a limitation where it says that "within reasonable time the Election Commission may allow a party to launch...."My submission is that even that reasonable time element should be specified to 60 days.

Thirdly Sir, on the de-Registration aspect....The power to register must be with a truly independent statutory Commission and not with the government. The governments of Pakistan have always tended to misuse this power and unless we reach that level of enlightenment I suggest that that power must not be delegated to Government. The Political Parties Commission which I propose will act as a vigilance body and that alone should have the authority to take notice of violations of any powers of the political parties act.

Fourthly, the disqualifications for participation in elections.....I believe that this section is redundant. It should be up to the people to decide, whether they feel that certain parties should or should not take part in election. Through the natural process of elimination we will achieve a certain equilibrium.

The right of political parties to take part in elections....Point No. 11, Sub-point 4.....Access to *Mass Media*....should include reference to the use of Cinema Houses, the use of Video, and any other *mass media* which are likely to be created in the next few years rather than restricted as at present to radio and TV and Newspapers.

Dissolution—The Federal Government, as I have said, should not have the power to declare even the notice of dissolution. Only a statutory Political Parties Commission should have that power. No penal action as recommended by the National Assembly should be allowed.

The disqualification from Membership of the Houses.—Unfortunately, the Senate Committee Report ignores the fact that whereas the Indian Amendment takes note of the splits that occur in parties or the reality that mergers can take place in parties what then happens to the status of members as a result of either splits or mergers. II think, that the punishments subscribed by the Committee, that of giving up the seat or the penal course subscribed by the National Assembly is not a fair recommendation. There should be a more precise definition of what is meant by the phrase "persistent abstension" from voting.

In conclusion Sir, I would recommend that on the 22nd of this month before we adjourn or prorogue there should be set up a joint Committee between the Senate and the House consisting of not more than five to six people to draft a consensus Bill based on the observations presented in the Assembly and in the Senate. We, Sir, as I have said in the beginning, are heading for the next 30 years or 50 years of our history. The past 38 years have been traumatic and unhappy. In preparing this legislation we must realize that over 50 per cent of our country's population is under the age of 21. It is those people to whom we owe the debt of the future. I thank you.

Mr. Chairman: Thank you very much.

An Honourable Member: Sir, may I ask the honourable member who has just spoken to define what he means by Political Parties Commission.

Mr. Chairman: I think, that stage would come later. At this stage we will have about half an hour. Professor Khurshid Ahmad. Would you like to speak. I would request you to take the floor.

پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے محترم وزیر اعظم صاحب کو اس امر پر مبارک باد دینا چاہتا ہوں کہ انہوں نے ۱۴ اگست اور پھر پارلیمنٹ میں مارشل لا اٹھائے جانے کی تاریخ کے بارے میں کم از کم ایک

[Prof. Khurshid Ahmed]

حد متعین کر کے ہماری کچھ مشکلات کو کم کر دیا ہے - اُن کا یہ اقدام بروقت اور جرأت مندانہ ہے اور نہ صرف یہ کہ انھیں ہماری پوری تائید حاصل ہے بلکہ پوری قوم اس معاملے میں اُن کے ساتھ ہے اور ہم ان سے پوری توقع رکھتے ہیں کہ وہ ۳۱ دسمبر سے پہلے پہلے اس سلسلے میں جو ضروری اقدام ہیں وہ ضرور کریں گے۔

میں شاید اس بات کا اور مارشل لاء کے بارے میں اپنے جذبات کا اعادہ نہ کرتا لیکن بدقسمتی سے پچھلے آٹھ برسوں سے جو کچھ ہمارے ملک میں ہوتا رہا ہے اس کی بنا پر ایک قسم کا gap پیدا ہو گیا ہے اور ماضی سے حالات کو سامنے رکھتے ہوئے اس بات سے کُلی طور پر صرف نظر نہیں کیا جا سکتا اس لئے میں ضروری سمجھتا ہوں کہ سب سے پہلے اس بات کا اظہار کروں کہ الیکشن کی تکمیل اور پارلیمنٹ، صوبائی اسمبلیوں، مرکزی اور صوبائی حکومتوں کے قیام کے بعد مارشل لاء کو چند دن کے لئے بھی جاری رکھنے کا کوئی جواز قانون، سیاست اور اخلاق میں نہیں ہو سکتا - میں اس بات کا اعادہ اس لئے کر رہا ہوں، جیسا پہلے میرے ایک دوست نے بھی متوجہ کیا، کہ ہم ابھی تمام خطرات سے گزر نہیں گئے۔

میں چاہتا ہوں کہ اس موقع پر قوم اور ملک کی سیاسی قیادت، اپنی فوج اور فوجی قیادت ان سب کو اس طرف متوجہ کریں کہ مارشل لاء کو ایک نہایت اور مختصر وقت کے لئے ایک ناگزیر برائی کے طور پر تو گوارا کیا جا سکتا ہے لیکن جس طرح مارشل لاء ہمارے ہاں نظام زندگی بن گیا ہے، way of life بن گیا ہے اس کے لئے کوئی جواز نہیں ہو سکتا - میں اس وقت نصرت بھٹو کیس میں سپریم کورٹ کی judgement میں اور اس سے پہلے جو ہماری judgements عدالتِ عظمیٰ نے دیئے Nusrat Bhutto versus state اور آصمہ جیلانی کیس، اس میں بنیادی اور جوہری فرق یہ تھا کہ نصرت بھٹو کیس میں عدالت نے اس بنیاد پر اپنی رائے کا اظہار کیا تھا کہ یہ ایک constitutional deviation ہے ایک نیا نظام قائم نہیں ہوا ہے اور پچھلے نظام کو منہدم نہیں کیا گیا بلکہ پرانے نظام کے قریب قریب قائم کیا جائے گا اور یہ ایک transitional عمل ہے جس کے بارے میں Solemn Declaration عدالت کو دیا گیا تھا کہ اصل مقصد اس سارے انتظام کا یہی ہے کہ جلد از جلد نیا

انتخاب کرا کے اقتدار منتقل کر دیا جائے ۔ لیکن پہلے ہی ۹۰ دن میں کچھ دوسری مصلحتیں اس طرح ابھریں جس طرح حاتم طائی جب کسی نیک مشن پر نکلتا تھا اور راستے میں کوئی روتا ہوا آدمی یا عورت اُسے مل جاتی تھی تو اُس کی محبت میں یا ہمدردی میں وہ نیا سفر شروع کر دیتا تھا۔ ابھی وہ کام مکمل نہیں ہوتا تھا کہ تیسرا شخص مل جاتا تھا۔ یہی ہمارے ساتھ بھی ہوتا رہا کہ کبھی accountability سامنے آئی، کبھی اسلام آیا اور کبھی پیرو فی خطرات آئے لیکن یہ داستان طویل سے طویل تر ہوتی چلی گئی۔ میرا خیال ہے کہ اب یہ انتہا کو پہنچ چکی ہے۔

میں صرف ایک حوالہ اس عدالت کے فیصلے سے دینا چاہتا ہوں جس سے یہ معلوم ہو گا کہ وہ کیا بنیاد تھی جس پر انہوں نے یہ فیصلہ کیا تھا اور انتخاب کے بعد کے دور کے کیا تقاضے تھے۔

"It also becomes clear from the review of the events resulting in the conviction of Martial Law and the reiteration of intent made by the Chief Martial Law Administrator that the 1973 Constitution still remains the supreme law subject to the condition that some parts thereof have been held in abeyance on account of necessary steps and the President of Pakistan as well as the superior courts confirmed to function under this Constitution. In other words this is not the case where the old legal order has been completely suppressed or destroyed, but merely a case of constitutional deviation for a temporary period and for a specified limited objective, namely, the restoration of law and order situation in the country and at the earliest possible time, holding the fair and free elections for the purpose of restoration of democratic Institutions under the 1973 Constitution. Accordingly the Superior Courts would continue to have the power to judge the validity of any act or action of the Martial Law Authority, if challenged in the light of principles underlining the law of necessity.

Furthermore, the Courts would like to state in clear terms that it has found it possible to validate the extra Constitutional action of the Martial Law Administrator, not only for the reason that he takes steps in order to save the country at times of grave national crises and constitutional breakdown but also because of the solemn pledge given by him that the period of constitutional deviation shall be as short as possible, and during this period all his energies shall be diverted towards creating conditions, conducive to the holding of free and fair elections and leading to the restroation of democratic rules and in accodance with the dictates of the Constitution. The

[Prof. Khurshid Ahmed]

Court, therefore, expects that Chief Martial Law Administrator would re deem his pledge which must become constructive in the nature of mandate from the people of Pakistan who have at last willingly accepted his administration as an Interim Government of Pakistan."

جناب والا! میں نے یہ اقتباس اس لئے پیش کیا ہے کہ اس کے بعد یعنی اس direction کے بعد وہ عہد یا وعدہ جو کیا گیا تھا اس کو پورا ہونا چاہیے اور وہ جو رکاوٹ درمیان تھی ختم ہو جاتی ہے۔ جبکہ اس کے بعد مارشل لاء کو جاری رکھنا خود اس فیصلے کی رُو سے غلط ہو گا جو legitimacy دی گئی تھی what ever work it may be جو اس پورے regime میں کرنی تھی وہ ختم ہو جاتی ہے اس بنا پر میں چاہتا ہوں کہ میں ایک بار پھر اس اعادہ کروں کہ اب ۳۱ دسمبر کی تاریخ حتمی اور آخری تاریخ ہونی چاہیئے اور اس بات کا انتظار نہیں کرنا چاہیئے کہ اس اعلان کے لئے ۳۱ دسمبر آ کے یہ کام ممکن ہو کر دیا جائے۔

میں سمجھتا ہوں کہ سینٹ کمیٹی رپورٹ ایک تاریخی اہمیت کی حامل رپورٹ ہے اور اگر اس کے اوپر صحیح رفتار سے کام کیا جائے۔ تو اس منزل کو قریب لانے کا ذریعہ بن سکتی ہے لیکن جناب والا! میں آپ کی وساطت سے حکومت سے، اس ایوان سے اور فوجی قیادت سے پورے ادب کے ساتھ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر اس معاملہ میں ان کی نگاہ میں کوئی اور رکاوٹ ہے تو اب بھی وقت ہے کہ اسے Identify کر کے اس کا حل تلاش کریں۔ یہ رویہ کہ پہلے ہم انتظار کرتے ہیں پھر صرف ایک قدم اٹھا لیا جاتا ہے اور پھر کہا جاتا ہے کہ فلاں چیز ابھی رہ گئی ہے پھر اس کی تلاش شروع ہو جاتی ہے۔ دراصل ۱۲ مارچ ۱۹۸۳ء کے پروگرام میں یہ بات شامل تھی اور اس کے لئے میں صدر محترم کی تقریر جو اس وقت کی مجلس شوریٰ میں کی گئی تھی بطور شہادت پیش کرتا ہوں اس میں یہاں تک کہا گیا تھا کہ ۲۳ مارچ ۸۵ تک یہ عمل مکمل ہو جائے گا اور مارشل لاء اٹھا لیا جائے گا۔ اس سکیم کا یہ حصہ تھا کہ انتخابات ہوں گے اور جب دستوری structure وجود میں آ جائیگا تو مارشل لاء اٹھا لیا جائے گا لیکن ہم

۱۲ مارچ کے اعلان کے بعد انتظار کرتے رہے اور پھر ایک سال کے بعد دستوری کمیشن بنا۔ دستور سے شروع ہوئے۔ دستوری تبدیلیوں کی بات ہونے لگی اور وضاحت سے کہا گیا تھا کہ ریفرنڈم نہیں ہوگا۔ لیکن ایک دم ضرورت محسوس ہوئی کہ ریفرنڈم محض ضروری ہے صدر کا انتخاب دستور کے تحت نہیں بلکہ اس سے پہلے کرانا ضروری ہوگا۔

ہمیں یہ تمام چیزیں بتاتی ہیں کہ ہم ایڈہاک کے انداز میں چل رہے ہیں۔ غیر جماعتی انتخاب کو لے لیجیے۔ یہ بات ایک تاریخی حقیقت ہے کہ آج کے دور میں کوئی سیاسی نظام کسی سیاسی ڈسپلن کے بغیر کام نہیں کر سکتا اور آپ دنیا کے جس حصے کو چاہیں دیکھیں یہ بات صاف نظر آتی ہے کچھ مقامات پر یک جماعتی نظام ہے اور کچھ مقامات پر ملٹی پارٹی سسٹم ہے لیکن آج کے دور میں کسی ایسے سیاسی structure کے بغیر جس میں حکمران اور عوام کے درمیان رابطہ کا کوئی انسٹیٹوشن نہ ہو، چلنا مشکل ہے۔ سیاست میں continuity اس وقت ممکن ہے جب کہ یہ structure موجود ہو۔

نان پارٹی سسٹم میں یہ تبدیلی باہر کی قوتوں کے ذریعے change of govt. سے ہو گئی لیکن پارٹی سسٹم کی خوبی یہ ہے کہ اگر ایک پارٹی ناکام ہوتی ہے تو اس کی جگہ دوسری پارٹی قیادت کی ذمہ داریاں سنبھالنے کے لیے موجود رہتی ہے اور مجھے آپ کی خدمت میں یہ بات عرض کرنے کی حاجت نہیں مہذب دنیا میں بے شمار مثالیں ایسی موجود ہیں۔ کہ Minority govt. بنی خود انگلستان میں ۱۹۲۳ میں اور اس کے بعد ۱۹۳۱ میں اکثریتی پارٹی اور اقلیتی پارٹی کے درمیان قوت کا تناسب ایک اور تین کا تھا لیکن چونکہ structure موجود تھا جس وقت اکثریتی پارٹی فیل ہوئی تو اقلیتی پارٹی نے اقتدار سنبھال لیا اور اس کے بعد انتخاب کرائے اس وقت آپ کو کسی جرنیل کو نہیں دیکھنا پڑا کسی Extra constitutional ادارے کو نہیں دیکھنا پڑا۔

اس بنا پر میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ باتیں بالکل بدیہی تھیں۔ اس سے پہلے بھی ہم پر ایک مارشل لاء کی رات گزر چکی ہے اس موقع پر ان حضرات نے محسوس کر لیا

[Prof. Khurshid Ahmed]

تھا اور اس وقت کے اسمبلی کے اجلاس کے ۲۴ گھنٹے کے اندر اندر نئی پارٹیاں بنا لی گئی تھیں ۔ لیکن ہم نے ۱۵ ماہ کا لمبا عرصہ گزار دیے اور اب ہاؤس کے قیام کے بعد فوراً احساس ہوا کہ پارٹی کے بغیر ڈسپلن ممکن نہیں ہے ۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ دو دوسرے ایشو بھی ہیں ۔ جنہیں اس کے ساتھ ساتھ لینا چاہیئے ۔

آپ نان پولیٹیکل پارٹی ایکٹ تو بنا لیں لیکن اسکے بعد ایک controversy شروع ہوگی اس میں پہلا مسئلہ دستور کی ترامیم کا مسئلہ ہے یاد رکھیئے اگر ہم نے اپنے ملک میں اپنے دستور کو ہمیشہ ایک controversial دستور رکھا تو اس طرح یہاں کبھی stable نظام قائم نہیں ہو سکتا ۔ 1973 کا دستور بھی کوئی بہت آئیڈیل دستور نہیں لیکن اس کی اصل خوبی یہ ہے کہ اس constitution میں consensus پائی گئی ہے اس پر سیاسی give and take کے بعد ملک کے تمام سیاسی اہم عناصر متفق تھے کہ کم از کم ملک میں ایک ایسا document ہونا چاہیے جو controversial نہ ہو لیکن ہم نے جو ترمیمات کی ہیں اس کے نتیجے کے طور اس آئین کو controversial بنا دیا ہے ۔

یہ صحیح ہے کہ اس دستور میں جو پانچ ترمیمیں قادیانی مسئلے کو چھوڑ کر بھٹو صاحب نے کی تھیں انہوں نے بھی اس کو controversial بنا دیا تھا اور ہم نے بھی وہی راستہ اختیار کیا ہے میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس ملک میں سیاسی استحکام کے لیے جہاں جماعتیں ضرورت ہیں وہاں یہ بات بھی ضروری ہے کہ ہمارے دستور پر قومی consensus ہو اور یہ اس وقت ہو سکتا ہے جب کہ وہ عدم توازن جو ان ترمیمات کے نتیجے کے طور پیدا ہوا ہوا اسے ہم درست کریں اور دوبارہ اس توازن کو بحال کریں تاکہ یہ issue سیاسی نہ رہے بلکہ ہماری ساری قوتیں اسی پر صرف ہوں کہ ہم اس ملک کی تعمیر کس طرح کریں

یہاں اسلام کے حقیقی تقاضے کیونکہ پورے ہوں، یہاں انصاف، حقوق کی حفاظت معاشی خوشحالی کس طرح حاصل کی جائے ورنہ ہم ساری زندگی اسی جھگڑے کے اندر پڑے رہیں گے یہ دوسرا مسئلہ ہے جسے ہمیں بروقت لینا چاہیئے اور اسے کل کے لیے مؤخر نہیں کرنا چاہیے ورنہ مجھے خطرہ ہے کہ ہم اگلے چار مہینوں میں قانون بنالیں گے لیکن اس کے بعد کوئی نیا حوا ہمیں ڈرانے کے لیے موجود ہوگا۔

دوسری چیز جو جناب والا میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے Indemnity Law اس لیے کہ یہ ایک ناگزیر ضرورت ہے جب بھی آپ مارشل لاء سے کسی سوال constitutional law پر آتے ہیں تو اس وقت پھر اس پچھلے دور کو کسی نہ کسی حد تک نمٹنا ہوں کرنا پڑتا ہے اس کا ذکر خود نصرت بھٹو کیس کے فیصلے میں موجود ہے ایوب صاحب کے زمانے میں بھی کرنا پڑا تھا لیکن میں چاہتا ہوں کہ ہماری حکومت ان تمام issues کو مؤخر نہ کرے۔ بروقت ان پر کام کرے۔ تیاری کرے۔ ہاؤس کے اندر consensus پیدا کرے یہ نہ ہو کہ اس کے بعد کہا جائے کہ اب ایک اور انتیس ۲۹ اور تیرہ رکنی کمیٹی چاہیے جو constitutional amendments کی بات کرے۔ پھر اس کے بعد ایک اور کمیٹی چاہیئے جو دوسرے معاملات کو سلجھائے۔ اس طرح ہم سارا وقت انہیں بحثوں میں صرف کر دیں۔ جناب والا! اگر یہ تینوں اقدام کر لیے جائیں تو پھر مجھے توقع ہے کہ ہم انشاءاللہ اس سال کے اندر اندر مارشل لاء سے نجات پاسکیں گے۔

جناب چیئرمین! لیکن دوسری بات یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں نے دونوں رپورٹس کا مطالعہ اپنی حد تک پورے غور سے کیا ہے میرے پیش نظر کوئی موازنہ نہیں ہے دونوں کمیٹیوں نے اپنی حد تک بڑی کوشش کی ہے قومی اسمبلی کی کمیٹی کی رپورٹ اور خصوصیات سے قومی اسمبلی میں اس رپورٹ پر جو بحث ہوئی اس کی روشنی میں

[Prof. Khurshid Ahmed]

میں یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں ایوانی تعصب سے بلند ہو کر صرف یہ بات سامنے رکھنی چاہیے کہ ہم کس طرح ایک مستحکم نظام قائم کر سکتے ہیں تاکہ مارشل لاء سے جلد از جلد نجات پا سکیں اور اس پہلو سے مجھے آپ یہ کہنے کی اجازت دیں کہ سینٹ کی کمیٹی ہم سب کے شکریہ کی مستحق ہے کہ اس نے ایک ایسی چیز بنانے کی کوشش کی ہے جو کسی نہ کسی حد تک ملک میں ایک نیا سیاسی consensus پیدا کرنے کے لیے بنیاد بن سکے۔

میں ان لوگوں میں سے ہوں جو یہ سمجھتے ہیں کہ سیاست کی نظم بندی بہت زیادہ قوانین سے نہیں ہوتی اس کے لیے سیاسی پارٹیاں ہونی چاہییں۔ اس کے لیے بار بار الیکشن کا ہونا اس کے لیے روایات کا قائم ہونا ضروری ہے جس طرح کسی نے ایک دانشور سے پوچھا تھا کہ اس باغ کی قیمت کیا ہے تو بوڑھے نے جواب دیا کہ یہاں بیس ہزار روپے مگر پچاس سال میں تو چپ چاپ بیس ہزار روپے میں ہم لوگوں کو یہ باغ مل جائے گا لیکن اس میں پچاس سال لگیں گے یہی سیاست میں بھی ہوتا ہے جہاں روایات قائم کی جاتی ہیں جہاں ڈسپلن بنتا ہے۔ بار بار انتخابات کا ہونا خود دراصل وہ عمل ہے جو سیاست میں تطہیر کا کام دیتا ہے۔

ہمارے ہاں سانحہ یہ ہوا کہ پہلا انتخاب 1970ء میں ہوا اور وہ بھی غیر معمولی حالات میں سیاست میں اصل فیصلہ کن چیز عوام کی رائے ہے جمہوریت اور آمریت میں یہ فرق ہے کہ اگر آپ پچیس یا پچاس سال میں ایک بار انتخاب کریں تو آمریت ہے لیکن اگر آپ تین، چار یا پانچ سال کے پیریڈ میں بار بار لوگوں کو موقع دیں کہ وہ اپنی رائے کا اظہار کریں تو اس سے جمہوریت پروان چڑھتی ہے۔

میں یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس کے لیے اصل چیز تو روایات ہیں اور اس پہلو سے میں اس رائے کا حامی رہا ہوں کہ پولیٹیکل پارٹیز کی

رجسٹریشن نہیں ہونی چاہیئے پولیٹیکل پارٹی کا ہر شخص کو حق ہے ۔ لیکن اگر ایک ملک میں برابر انتخاب ہوتے رہیں تو فطری طور پر process evaluation کے ذریعے سے صرف وہی پارٹیاں میدان میں رہ جاتی ہیں جنہیں عوام کی تائید حاصل ہو ہندوستان کو آپ دیکھیں ۱۹۴۸ء میں جس وقت ان کے ہاں پہلی مرتبہ الیکشن کمیشن نے پارٹیوں کی تعداد شمار کی تو اس وقت ۵۴ پارٹیاں تھیں لیکن عملاً آپ دیکھیں کہ پچھلے اڑتیس سالوں میں بمشکل سات آٹھ پارٹیاں ہیں جو ملکی سیاست میں رونما ہوتی ہیں اور بعینہ اسی process سے دنیا کے ہر ملک کو گزرنا پڑا فرانس میں ایک زمانہ میں پچاس سے زیادہ پارٹیاں تھیں ۔ خود تیرہویں صدی میں دونوں جنگوں کے درمیان تیس پولیٹیکل پارٹیاں تھیں لیکن اس کے بعد آپ دیکھیں کہ سیاسی عمل کی بنیاد پر کسی قانون کے بغیر وہاں چار پانچ پارٹیاں رہ گئیں یہی عمل دنیا کے سارے ممالک میں ہوا ہے اگر ہم بھی سیاسی عمل کے سلسلے میں خلوص کے ساتھ کام کرتے تو یہی ہوتا لیکن ہم نے ایسا نہیں کیا جس طرح معاشیات میں ہم کہتے ہیں کہ second solution تو یہاں بھی دراصل میں اپنی کمیٹی کی تجاویز کو second solution سمجھتا ہوں ۔

میری نگاہ میں روایات کی عدم موجودگی کی بنا پر اس کے لیے کوئی جواز ہو سکتا ہے لیکن اس میں تین اصلاحات بہت ضروری ہیں سب سے پہلی چیز یہ جو میری نگاہ میں سب سے اہم ہے وہ یہ کہ پارٹی ڈسپلن ہو جو بلاشبہ ایک ضرورت ہے لیکن جن الفاظ میں اور جس انداز میں اپنے یہاں provide کیا گیا ہے وہ محل نظر ہے سب سے پہلی چیز یہ ہے کہ مغرب کے پارٹی سسٹم میں جہاں بہت خوبیاں ہیں وہاں ایک خرابی یہ بھی ہے کہ اگر ایک شخص فی الحقیقت اپنے ایمان ۔ اپنے اعتقاد اپنے علم ۔ اپنے ضمیر کی، اس لیے کہ سب لوگ دنیا میں محض مصلحت پرست نہیں ہوتے بنیاد پر اگر کسی معاملے میں اختلاف چاہتا ہے تو ڈسپلن اس کے آڑے آتا

[Prof. Khurshid Ahmed]

ہے یہی وہ چیز ہے آپ دیکھیں گے کہ بہت سی مغربی پارلیمنوں میں اور خصوصاً انگلستان میں consensus by voting کا دروازہ کھلا رہا چند مسائل ایسے ہوتے ہیں کہ ان کے بارے میں انہوں نے پارٹی whip کی بجائے ممبران کو یہ اختیار دیا ہے کہ وہ اپنے ضمیر کے مطابق فیصلہ دیں۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ یورپین اکانومک کمیٹی میں جانے کا فیصلہ ایک بہت بڑا فیصلہ تھا جو انگلستان نے کیا اس کے لیے انہوں نے یہ راستہ اختیار کیا اس کے علاوہ بہت سے ایسے issues جو morol issues رہے ہیں ان میں بھی یہ راستہ اختیار کیا گیا تو مغرب کے پارٹی سسٹم میں یہ خرابی رہتی ہے my party, right or wrong, is all in all.

اس کے مقابلے میں اسلام نے، میرے محدود علم کی حد تک، پارٹی کے نظام کو ختم نہیں کیا بلکہ اس کی اصلاح کی اور اس میں یہ امتزاج پیدا کرنے کی کوشش کی ہے کہ جہاں ایک طرف ڈسپلن ضروری ہے وہاں دوسری طرف اگر کوئی معاملہ ایمان ضمیر اور اعتقاد کا ہے تو اس معاملے میں کسی شخص کو اس کے ضمیر کے خلاف خصوصاً ایسی چیزوں کے اندر جس میں اللہ کی ناراضگی ہوتی ہو محض پارٹی ڈسپلن کی بنا پر مجبور نہیں کیا جا سکتا قرآن پاک میں اس اصول کو بالکل صاف الفاظ میں بیان کر دیا گیا ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یا ایہا الذین آمنوا اطیع اللہ و اطیع الرسول و اولی الامنکم فان تنازعتم فی شیء فردوہ الی اللہ والرسول ان کنتم تومنون باللہ والیوم الاخر ذلک خیر و احسن تاویلا

ترجمہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو اطاعت کرو اللہ کی اطاعت کرو اللہ کے رسول کی اور اطاعت کرو اس اولی الامر کی جو تم میں سے ہو لیکن اگر تمہارے اور اولی الامر کے درمیان کوئی اختلاف ہو تو پھر اس مسئلے کو لوٹا دو اللہ اور اسکے رسولؐ کی طرف یہ گارنٹی ہے اس بات کی کہ اولی الامر

سے اختلاف ہمارا حق ہے اور یہ حق ہمارے ایمان کا تقاضہ ہے اس حق کی ضمانت ہمیں قرآن نے دی ہے بلاشبہ اگر مسئلہ معصیت کا نہیں اگر مسئلہ منکر کا نہیں تو اس میں accommodation کی حدود ہیں لیکن جہاں یہ صورت پیدا ہو جائے وہاں پر پھر کوئی ڈسپلن، کوئی اطاعت نہیں اس لیے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی صاف فرمایا ہے۔

عربی

کوئی بھی مخلوق ہو اس کی اطاعت سے اگر اللہ کی ناراضگی ہوتی ہو تو نہیں کی جاسکتی۔

اس بنا پر دراصل میں یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ڈسپلن کی آپ پوری پوری فکر کیجیے لیکن ایمان کے تقاضوں کے بارے میں جو اللہ اور اس کے رسولؐ نے فرمایا ہے اور اختلاف کی جو حدود دی گئی ہیں، انہیں پامال نہ کیجیے اسے آپ کو provide کرنا پڑے گا۔

دوسری چیز اس کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ پارٹی خود چھوڑنا اور پارٹی ڈسپلن کی خلاف ورزی کرنا ان دو باتوں کو تو آپ نے کرلیا لیکن بہت سارے دوسرے issues ہیں جن کا نزیر بحث آنا بہت ضروری ہے۔ جن میں ایک پارٹی سے expulsion ہے اور میری نگاہ میں یہ ایک خلفشار کا راستہ بن سکتا ہے بجائے اس کے کہ جو کلذر آپ نے رکھا ہے persistent اختلاف کا اگر اس کی بجائے آپ یہ رکھیں کہ اگر کسی شخص کو اس کی پارٹی expel کردیتی ہے تو اس صورت میں اس کی سیٹ کا مسئلہ اُٹھایا جاسکتا ہے اور پھر یہ پارٹی کا کام ہوگا کہ وہ یہ دیکھے کہ کون سے اختلافات ہیں جن کو گوارا کرے گی اور کون سے ایسے اختلافات ہیں جن کی بنیاد پر وہ ایک شخص کو رکھ نہیں سکتی۔

اسی طرح تین دوسرے مسائل ہیں جن کی طرف میرے دوست جبار صاحب نے کچھ اشارہ کیا کہ جیسے Indian Constitutional amendments کے اندر اس کا پورا پورا خیال رکھا گیا ہے یعنی پارٹیوں میں mergers اور splits کا معاملہ تیسری چیز یہ کہ کچھ ایسے افراد جو پارٹی یا بغیر پارٹی کی بنیاد پر آئے ہیں مثال

[Prof. Khurshid Ahmed]

کے طور پر وہاں اسپیکر۔ ڈپٹی اسپیکر۔ چیئرمین۔ ڈپٹی چیئرمین یعنی اس قسم کی جو اہم پوزیشنز ہیں ان کو انہوں نے اس پورے معاملے سے مستثنیٰ کیا ہے میرے خیال میں بہت ضروری ہوگا اگر آپ اس پہلو سے اس پر نظر ثانی کریں۔ یہ پہلی چیز ہے۔

جناب والا! دوسری چیز میں اس سلسلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میری نگاہ میں کسی بھی سیاسی جماعت کو، کیونکہ بہرحال ایک سیاسی جماعت ہی حکمران پارٹی ہوگی یہ حق نہیں ہونا چاہیے کہ وہ ایک جماعت کا Dissolution نوٹیفائی کرے خواہ اس کے بعد یہ معاملہ ۱۵ دن کے اندر اندر سپریم کورٹ میں چلا جائے، نیز یہ بات کہ حکومت کسی جماعت کے تمام assests کو freeze کر دے اس کی تمام activities کو suspend کر دے۔ میں عرض کرتا ہوں کہ ایک عام انسان کے گھر میں داخلے کے لیے ضروری ہے کہ پہلے آپ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سے اجازت نامہ حاصل کریں، اس کے بعد، آپ یہ کام کریں لیکن ایک سیاسی جماعت کے بارے میں آپ یہ رویہ اختیار نہیں کرتے، میری نگاہ میں فی الحقیقت کوئی سیاسی جماعت وہ تمام چیزیں کر رہی ہو جو اس قانون کے اندر ممنوع ہیں تو سیدھے سیدھے حکومت کو عدالت کے پاس جانا چاہیے اور اگر یہ سمجھتی ہے کہ اس کی سرگرمیاں فوری طور پر روکنا ضروری ہیں تو پھر عدالت سے interim injunction لیں۔ جس طرح کہ دوسرے عدالتی معاملات میں لیا جاتا ہے اور یہ عدالت کا کام ہوگا کہ وہ interim injunction دیں اگر حکومت کو عدالت interim injunction دے دیتی ہے تو پھر حکومت اس بات کا اختیار رکھ سکتی ہے کہ وہ اس جماعت کی سرگرمیوں پر بھی پابندی لگائے یعنی معطل کر دے اور اسکے assets کو freeze کرے اور اگر سپریم کورٹ اس کی اجازت نہیں دیتی تو پھر اس بات کا حکومت کو اختیار نہیں ہونا چاہیے کہ وہ کسی جماعت کی سرگرمیوں کو معطل کرے حکومت صرف اسی وقت کسی جماعت کی سرگرمیوں کو معطل کرے گی

جب سپریم کورٹ اس بات کی اجازت دے۔

جناب والا! ایک اور بات میں، آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ اس معاملے میں دراصل سپریم کورٹ کا اختیار اصل چیز ہے اس میں حکومت کو ہرگز اختیار نہیں ہونا چاہیئے بنیادی چیز جو میں ضروری سمجھتا ہوں یہ ہے کہ اس عمل کو تیز تر کرنے کے لیے پولیٹکل پارٹیز بلا تاخیر بحال کی جائیں۔ اگر آپ نے تمام پارٹیوں کی رجسٹریشن کا راستہ اختیار کیا جیسا کہ قومی اسمبلی کی رپورٹ میں تجویز کیا گیا ہے تو اس میں دراصل بڑے خطرات ہیں اور اس میں delay کرنے کے بڑے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں اور یہ سیاست میں بہت جلد controversial بن جائے گا اس لیے میں ضروری سمجھتا ہوں کہ آپ وہ راستہ اختیار کریں جس کے ذریعے ہم اس مرحلے کو کم سے کم وقت میں طے کر سکیں اور یہ اسی وقت ممکن ہے کہ آپ اس کا آغاز سیاسی جماعتوں کی بحالی سے کریں اور نئی پارٹی یا ان پارٹیوں کے لیے، جنہوں نے اپنے آپ کو ابھی تک رجسٹرڈ نہیں کرایا ہے، ایک وقت مقرر کر دیں جس میں وہ اپنے آپ کو رجسٹر کرالیں یہ وہ راستہ ہے جس میں ہم چل کر اس مخمصے سے جلد نکل سکتے ہیں۔

جناب والا! ان چیزوں کے ساتھ میں اپنی گزارشات کو اس دعا پر ختم کرتا ہوں کہ دونوں ایوانوں کی رپورٹیں آنے سے اور وزیر اعظم صاحب کے اعلان سے جو process شروع ہوا ہے، اللہ تعالیٰ ہمیں اس کو جلد از جلد مکمل کرنے کی توفیق دے اور ہم اس ملک کو مارشل لاء سے نجات دلائیں اور کبھی مارشل لاء ہماری تاریخ میں سر نہ اٹھائے۔

جناب چیئرمین: شکریہ، اجلاس برخاست کرنے سے پہلے میرے خیال سے ایک دو منٹ آئندہ اجلاس کی کارروائی چلانے کا طریقہ کار کو وضع کرنے کے لیے صرف کریں تو شاید بہتر ہوگا۔ اس وقت تک جو نام میرے پاس رجسٹر ہوئے ہیں ان کی تعداد ۳۵ ہے ۳۵ معزز اراکین نے اس پر بحث کرنے کے لیے اظہار کیا ہے پانچ اصحاب نے تقاریر مکمل کر لی ہیں آخری تین اصحاب نے تقریباً آدھا آدھا گھنٹہ صرف کیا ہے۔ آئندہ کے لیے ہمارے لیے مشکل ہوگا کہ ہم ہر معزز رکن کو اتنا وقت

[Mr. Chairman]

دے سکیں کیونکہ دن میں دو گھنٹے بھی اگر ہم بحث کے لیے مختص کریں تو اس صورت میں کسی معزز رکن کو ۸ منٹ سے زیادہ کا وقت نہیں دے سکیں گے۔ اس بات کا تعین، تو خیر، ہم کل کر لیں گے لیکن میں آپ سے درخواست کروں گا کہ کل سے جو تقاریر ہو رہی ہیں ان کے بارے میں آپ سوچ لیں اور ان کو پیش نظر رکھ کر آپ اپنی تقاریر summarise کر لیں تو بہتر ہو گا یہ اس طرح ہی ممکن ہو سکتا ہے کہ ہم ۲۲ تاریخ تک اس بحث کو مکمل کر لیں۔

Mr. Ahmed Mian Soomro: Before the House is adjourned Sir, this list is a manipulation of some people without our knowledge. I would request that since yesterday, the Sind is prevailing over this House, the Speakers should see the decorum of the House and Frontier, Baluchistan and Punjab, separately every unit, should have the right to speak on this issue.

Mr. Chairman: Everybody would be given an opportunity, rest assure that everybody would have fair opportunity to participate in the discussion but there were certain requests, certain names registered with us from yesterday. So they had to be given priority. At any rate, that is the privilege of the Chair and I think, you have to abide by the decisions.

جناب حسین بخش بنگلزئی: جناب چیئرمین! آپ کی خدمت میں میری ایک تجویز ہے کہ بجائے اس کے کہ ایک گھنٹہ روزانہ اس ضروری بحث کے لئے دیا جائے کیوں نہ ایسا کیا جائے کہ ابتدائی دو گھنٹے ایک گھنٹہ سوالات کا اور ایک گھنٹہ تحریکوں کا، بھی اس بحث کے لیئے وقف کئے جائیں اس طرح تین گھنٹے کا وقت ہو جاتا ہے چنانچہ معزز اراکین کو روزانہ تین گھنٹے بحث کا وقت ملے گا میری تجویز یہ ہے کہ بجائے اس کے کہ کسی دوسرے مسئلے پر بحث کی جائے، اس کو اہمیت دی جائے اب ایک گھنٹہ تو سوالات کے لیے وقف ہے اور ایک گھنٹہ ہی اس بحث کے لیے ملتا ہے۔ اب آپ اندازہ لگائیں کہ ایک گھنٹے میں جب تین معزز اراکین اپنی تقاریر